it is always the outcome of your own doings although He pardons much of it (30). And though you are not left absolutely incapacitated/powerless (mo'jizeena – مُعجِزین) on Earth, still you have none to guard and support you except God.(31). And among His signs are the continuously moving celestial bodies (al-jawaar – الجوار) seen from the vast expanse of oceans/desert lands (fil-bahr – فی البحر) as guiding way-marks for those going astray (kal-a'laam – کالاعلام). If He so wills He may cease (yaskun – یسکُن) that divine blessing (al-riih – الریح) and then, all those may be rendered motionless (yazlalna rawakida – یظللن رواکِد) in the background ('ala zahri-hi – علیٰ ظہرہِ); Indeed in that, there are signs/messages for all those who are steadfast and strive for results (33); or else He may cause those communities to perish as a result of their misdeeds, though he pardons a lot of them (34). And let those who dispute our signs/messages know that for them there is no escape (35). Therefore, all that you are given is the provisions of this worldly life, whereas what the God reserves with him is much better and more enduring for those who have attained to faith and place their trust on their Sustainer (36); and for those who abstain from major transgressions and indecencies and who forgive what angers them (37); and for those who turn to their Lord and establish the pursuit of divine commandments (aqaamus-salaat – اقاموا الصلاۃ) and their affairs are run through consultation between them and who spend openly from what we have provided them of sustenance(38); and those who defend themselves when they face a confrontation/opposition (39). However, an evil design has an evil retaliation of the same kind; so, the one who forgave and made amends, then his reward rests with God. Indeed, He does not love the tyrants (40). So, the one who takes steps for his defense after having been exploited, such cannot be blamed for taking such steps (41). The blame lies upon those who exploit the common people and act tyrannically on Earth without regard to human rights, they are the ones entitled to a painful suffering (42). And for those who remained steadfast and protected themselves that indeed is the proper resolution of such issues (43). And he whom God lets go astray, he has henceforth no protector. And you will see the tyrants, when they have seen the suffering, exclaiming, "Is there a way of return"? (44) And you will see them being exposed to the suffering humbled by disgrace, looking with stealthy glance, and the faithful saying that these losers are those who have lost their inner selves and those of their families at the establishment of the Hereafter stage (youmal-Qiyamah – یوم القیامۃ); these tyrants are unquestionably in a lasting punishment (45). And there are no guardians to help them against God; and whom God lets go astray then for him there's no escape (46). All of you must strive to respond to your Sustainer before the day comes, according to God's will, when there is no turning back;

on that day there will be no refuge and no argument in denial of your crimes (47). Hence, if they turn away from you then let us make it clear that We have not sent you to be their guardian; your duty is nothing but to convey the message. And indeed when we give the human being a taste of our blessings, he feels pleased by it; and if he encounters a calamity due to his own doing, then the human being becomes ungrateful (48). For God alone is the sovereignty of the Universe and the Earth; He creates what He wills; He bestows gift of a female offspring on whomever He wills and the gift of male offspring on whomever He wills (49); Or He combines both males and females, and makes barren whomever He wills, for He is all-knowing and He fixes values for everything (50). And it is not possible for a man that God may speak with him except by revelation, or, in other words, from behind a cover, or by sending a messenger to whom is revealed with His permission whatever He wills; Indeed He is exalted in His wisdom.(51)

In the same way have We revealed to you a message on our prerogative. You did not know what is this Scripture and what is the faith, but We have made that message an enlightenment by which We guide those of our subjects who crave for it; And indeed you are delivering guidance towards the straight path (52), the path of God Who is the Lord of all that exists in the celestial bodies and on the Earth. Unquestionably, to God do all the affairs/matters eventually come (53).”

Authentic meanings of some important words from the above text:

A’laam; اعلام; A way-mark; a thing set up, or erected, in the way, or, in the deserts, or waterless deserts, for guidance, for the guidance of those going astray; as also علامۃ ‘alaamatun: علم ؛اعلام also signifies a منارة ; And a mountain, as a general term, or a long mountain as being a known sign of the way; And a banner, or standard, to which the soldiers congregate; a flag, or strip of cloth, that is tied upon the spear.

Ra-Kaf-Dal: ر ک د = to stop, be clam, remain stable, be still or at rest, become motionless/stationary.

Riihun (n): ریح: Riyaah (n.pl.) = Punishment; divine blessings.

اُردو متن کی یہاں سے ابتدا ہوتی ہے

سلسلہ وار موضوعاتی تراجم کی قسط نمبر111

سورۃ الشّوریٰ [42]

ایک خالص علمی اور شعوری ترجمہ

پیش لفظ

اس سورۃ کا عنوان، الشّوریٰ، یعنی مشاورت، اس کے متن میں صرف ایک ہی بار درج کیا گیا ہے، اور یہ معاشرے پر قائم حکومتِ الٰہیہ کے ایک ایسے وصف کو ظاہر کرتا ہے جس کی بنیاد پر اس کا کاروبا رِ حکومت چلایا جاتا ہے۔ سورۃ کی مرکزی تھیم وہ الہامی رہنمائی ہے جو انسانوں کے وہ گروہ تلاش کرتے رہے ہیں جو اس کی آرزو کرتے تھے۔ فلہٰذا، وہ نام نہاد "مخفّفات" جن سے متن کی ابتدا ہوتی ہے، یعنی حا میم اور عین سین قاف، جب نہایت باوثوق لسّانی بنیادوں پر زیرِ تحقیق لائے گئے، تو وہاں سے بھی انسانیت کی اُسی قدیمی آرزو کو اللہ تعالیٰ کے الفاظ میں واضح ہوتے دیکھا گیا۔ اسی لیے پھربعد میں آنے والی عبارت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اُس وحی کے نزول کی تصدیق کی جو انسانوں کی موجودہ اور ما قبل کی نسلوں کے لیے الہامی رہنمائی کی ترسیل اور وضاحت کو بیان کرتی ہے۔

متن کا باقی حصہ اللہ کے اوصاف، اختیار اور شان، تخلیقی کاروائی کے پیچھے اُس کی ناقابلِ رسائی دانائی، راست بازوں کے لیے اجر اور انعامات اور معاشروں کے سرکش جابروں کے لیے آخرت کے مرحلےکی سزاوں کو بلیغ انداز میں پیش کرتا ہے۔ اور مرکزی لحاظ سے معاشرے کے استحصالی طبقات کے لیے ایک نصیحت اور سرزنش کی حیثیت رکھتا ہے۔

یہ تو کہنے کی ضرورت ہی نہیں کہ اللہ کے بیانیے کے وہ تمام پرانے اور موجودہ تراجم جو اُس ذاتِ پاک کی ہدایات کی سچّی روح کو بگاڑنے کے مقصد کو لے کر کیے گئے تھے، گہری تحقیق،تحویل و تبدل کے عمل سے گذار کر ایک مناسب علمی اور شعوری سطح کے تازہ ترجمے کی شکل میں پیش کر دیے گئے ہیں، جنہیں آپ سیاق و سباق سے پوری مطابقت رکھنے والا، تسلسل کا حامل اور قرآن کی کلاسیکل ادبی عربی نثر کے شایانِ شان پائیں گے۔ اللہ کے اس عظیم بیانیے کو اپنی زبان میں اُس کلام کی سچی روشنی میں پڑھنا ایک خوش کُن مرحلہِ فیض وآگہی ہوگا۔

سورۃ الشوریٰ [42]

حم (١) عسق (٢) كَذَٰلِكَ يُوحِي إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ اللَّـهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (٣) لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي
الْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ (٤) تَكَادُ السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِن فَوْقِهِنَّ ۚ وَالْمَلَائِكَةُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ
وَيَسْتَغْفِرُونَ لِمَن فِي الْأَرْضِ ۗ أَلَا إِنَّ اللَّـهَ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (٥) وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ اللَّـهُ حَفِيظٌ
عَلَيْهِمْ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ (٦) وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِّتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَىٰ وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ

لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ (٧) وَلَوْ شَاءَ اللَّـهُ لَجَعَلَهُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَـٰكِن يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ
فِي رَحْمَتِهِ ۚ وَالظَّالِمُونَ مَا لَهُم مِّن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ (٨) أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ ۖ فَاللَّـهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ
يُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (٩) وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِن شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّـهِ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّـهُ رَبِّي عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ (١٠) فَاطِرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَمِنَ الْأَنْعَامِ
أَزْوَاجًا ۖ يَذْرَؤُكُمْ فِيهِ ۚ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ ۖ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ (١١) لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ يَبْسُطُ
الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (١٢) شَرَعَ لَكُم مِّنَ الدِّينِ مَا وَصَّىٰ بِهِ نُوحًا وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ
وَمَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَىٰ ۖ أَنْ أَقِيمُوا الدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ ۚ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ
إِلَيْهِ ۚ اللَّـهُ يَجْتَبِي إِلَيْهِ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَن يُنِيبُ (١٣) وَمَا تَفَرَّقُوا إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا
بَيْنَهُمْ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ أُورِثُوا الْكِتَابَ مِن بَعْدِهِمْ لَفِي
شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ (١٤) فَلِذَٰلِكَ فَادْعُ ۖ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ ۖ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ ۖ وَقُلْ آمَنتُ بِمَا أَنزَلَ اللَّـهُ مِن
كِتَابٍ ۖ وَأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمُ ۖ اللَّـهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۖ لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ ۖ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ ۖ اللَّـهُ
يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۖ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ (١٥) وَالَّذِينَ يُحَاجُّونَ فِي اللَّـهِ مِن بَعْدِ مَا اسْتُجِيبَ لَهُ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِندَ رَبِّهِمْ
وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ (١٦) اللَّـهُ الَّذِي أَنزَلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ وَالْمِيزَانَ ۗ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ
قَرِيبٌ (١٧) يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا ۖ وَالَّذِينَ آمَنُوا مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ أَنَّهَا الْحَقُّ ۗ أَلَا إِنَّ الَّذِينَ
يُمَارُونَ فِي السَّاعَةِ لَفِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ (١٨) اللَّـهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ (١٩) مَن
كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهُ فِي حَرْثِهِ ۖ وَمَن كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِن
نَّصِيبٍ (٢٠) أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوا لَهُم مِّنَ الدِّينِ مَا لَمْ يَأْذَن بِهِ اللَّـهُ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۗ وَإِنَّ
الظَّالِمِينَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (٢١) تَرَى الظَّالِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا كَسَبُوا وَهُوَ وَاقِعٌ بِهِمْ ۗ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا
الصَّالِحَاتِ فِي رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ ۖ لَهُم مَّا يَشَاءُونَ عِندَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ (٢٢) ذَٰلِكَ الَّذِي يُبَشِّرُ
اللَّـهُ عِبَادَهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۗ قُل لَّا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَىٰ ۗ وَمَن يَقْتَرِفْ
حَسَنَةً نَّزِدْ لَهُ فِيهَا حُسْنًا ۚ إِنَّ اللَّـهَ غَفُورٌ شَكُورٌ (٢٣) أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّـهِ كَذِبًا ۖ فَإِن يَشَإِ اللَّـهُ يَخْتِمْ
عَلَىٰ قَلْبِكَ ۗ وَيَمْحُ اللَّـهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (٢٤) وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ
عِبَادِهِ وَيَعْفُو عَنِ السَّيِّئَاتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ (٢٥) وَيَسْتَجِيبُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَيَزِيدُهُم مِّن
فَضْلِهِ ۚ وَالْكَافِرُونَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ (٢٦) وَلَوْ بَسَطَ اللَّـهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهِ لَبَغَوْا فِي الْأَرْضِ وَلَـٰكِن يُنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا
يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ بِعِبَادِهِ خَبِيرٌ بَصِيرٌ (٢٧) وَهُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِن بَعْدِ مَا قَنَطُوا وَيَنشُرُ رَحْمَتَهُ ۚ وَهُوَ الْوَلِيُّ
الْحَمِيدُ (٢٨) وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيهِمَا مِن دَابَّةٍ ۚ وَهُوَ عَلَىٰ جَمْعِهِمْ إِذَا يَشَاءُ
قَدِيرٌ (٢٩) وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ (٣٠) وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ فِي
الْأَرْضِ ۖ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّـهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ (٣١) وَمِنْ آيَاتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ (٣٢) إِن يَشَأْ
يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَىٰ ظَهْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ (٣٣) أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا
وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ (٣٤) وَيَعْلَمَ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِنَا مَا لَهُم مِّن مَّحِيصٍ (٣٥) فَمَا أُوتِيتُم مِّن شَيْءٍ فَمَتَاعُ
الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَمَا عِندَ اللَّـهِ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ لِلَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ (٣٦) وَالَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ
وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ (٣٧) وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ
وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (٣٨) وَالَّذِينَ إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنتَصِرُونَ (٣٩) وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۖ فَمَنْ عَفَا
وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّـهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ (٤٠) وَلَمَنِ انتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهِ فَأُولَـٰئِكَ مَا عَلَيْهِم مِّن
سَبِيلٍ (٤١) إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۚ أُولَـٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

أَلِيمٌ (٤٢) وَلَمَن صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذَٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ (٤٣) وَمَن يُضْلِلِ اللَّـهُ فَمَا لَهُ مِن وَلِيٍّ مِّن
بَعْدِهِ ۗ وَتَرَى الظَّالِمِينَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلَىٰ مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ (٤٤) وَتَرَاهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَاشِعِينَ
مِنَ الذُّلِّ يَنظُرُونَ مِن طَرْفٍ خَفِيٍّ ۗ وَقَالَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ
الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا إِنَّ الظَّالِمِينَ فِي عَذَابٍ مُّقِيمٍ (٤٥) وَمَا كَانَ لَهُم مِّنْ أَوْلِيَاءَ يَنصُرُونَهُم مِّن دُونِ اللَّـهِ ۗ وَمَن يُضْلِلِ
اللَّـهُ فَمَا لَهُ مِن سَبِيلٍ (٤٦) اسْتَجِيبُوا لِرَبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّـهِ ۚ مَا لَكُم مِّن مَّلْجَإٍ يَوْمَئِذٍ
وَمَا لَكُم مِّن نَّكِيرٍ (٤٧) فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلَاغُ ۗ وَإِنَّا إِذَا أَذَقْنَا الْإِنسَانَ
مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنسَانَ كَفُورٌ (٤٨) لِّلَّـهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ
وَالْأَرْضِ ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ يَهَبُ لِمَن يَشَاءُ إِنَاثًا وَيَهَبُ لِمَن يَشَاءُ الذُّكُورَ (٤٩) أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا
وَإِنَاثًا ۖ وَيَجْعَلُ مَن يَشَاءُ عَقِيمًا ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ قَدِيرٌ (٥٠) وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُكَلِّمَهُ اللَّـهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِن وَرَاءِ
حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولًا فَيُوحِيَ بِإِذْنِهِ مَا يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ (٥١) وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِّنْ أَمْرِنَا ۚ مَا
كُنتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ وَلَـٰكِن جَعَلْنَاهُ نُورًا نَّهْدِي بِهِ مَن نَّشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا ۚ وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيمٍ (٥٢) صِرَاطِ اللَّـهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ أَلَا إِلَى اللَّـهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ (٥٣)

روایتی تراجم کا ایک نمونہ

ح م (1) ع س ق (2) اِسی طرح اللہ غالب و حکیم تمہاری طرف اور تم سے پہلے گزرے ہوئے (رسولوں) کی طرف وحی کرتا رہا ہے (3) آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے اُسی کا ہے، وہ برتر اور عظیم ہے (4) قریب ہے کہ آسمان اوپر سے پھٹ پڑیں فرشتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ اُس کی تسبیح کر رہے ہیں اور زمین والوں کے حق میں درگزر کی درخواستیں کیے جاتے ہیں آگاہ رہو، حقیقت میں اللہ غفور و رحیم ہی ہے (5) جن لوگوں نے اُس کو چھوڑ کر اپنے کچھ دوسرے سرپرست بنا رکھے ہیں، اللہ ہی اُن پر نگراں ہے، تم ان کے حوالہ دار نہیں ہو (6) ہاں، اِسی طرح اے نبیؐ، یہ قرآن عربی ہم نے تمہاری طرف وحی کیا ہے تاکہ تم بستیوں کے مرکز (شہر مکہ) اور اُس کے گرد و پیش رہنے والوں کو خبردار کر دو، اور جمع ہونے کے دن سے ڈرا دو جن کے آنے میں کوئی شک نہیں ایک گروہ کو جنت میں جانا ہے اور دوسرے گروہ کو دوزخ میں (7) اگر اللہ چاہتا تو اِن سب کو ایک ہی امت بنا دیتا، مگر وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے، اور ظالموں کا نہ کوئی ولی ہے نہ مدد گار (8) کیا یہ (ایسے نادان ہیں کہ) اِنہوں نے اُسے چھوڑ کر دوسرے ولی بنا رکھے ہیں؟ ولی تو اللہ ہی ہے، وہی مُردوں کو زندہ کرتا ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (9) تمہارے درمیان جس معاملہ میں بھی اختلاف ہو، اُس کا فیصلہ کرنا اللہ کا کام ہے وہی اللہ میرا رب ہے، اُسی پر میں نے بھروسہ کیا، اور اُسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں(10) آسمانوں اور زمین کا بنانے والا، جس نے تمہاری اپنی جنس سے تمہارے لیے جوڑے پیدا کیے، اور اسی طرح جانوروں میں بھی (اُنہی کے ہم جنس) جوڑے بنائے، اور اِس طریقہ سے وہ تمہاری نسلیں پھیلاتا ہے کائنات کی کوئی چیز اس کے مشابہ نہیں، وہ سب کچھ سننے اور دیکھنے والا ہے (11) آسمانوں اور زمین کے خزانوں کی کنجیاں اُسی کے پاس ہیں، جسے چاہتا ہے کھلا رزق دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے نپا تلا دیتا ہے، اُسے ہر چیز کا علم ہے (12) اُس نے تمہارے لیے دین کا وہی طریقہ مقرر کیا ہے جس کا حکم اُس نے نوحؑ کو دیا تھا، اور جسے (اے محمدؐ) اب تمہاری طرف ہم نے وحی کے ذریعہ سے بھیجا ہے، اور جس کی ہدایت ہم ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو دے چکے ہیں، اِس تاکید کے ساتھ کہ قائم کرو اِس دین کو اور اُس میں متفرق نہ ہو جاؤ یہی بات اِن مشرکین کو سخت ناگوار ہوئی ہے جس کی طرف اے محمدؐ تم

انہیں دعوت دے رہے ہو اللہ جسے چاہتا ہے اپنا کر لیتا ہے، اور وہ اپنی طرف آنے کا راستہ اُسی کو دکھاتا ہے جو اُس کی طرف رجوع کرے **(13)** لوگوں میں جو تفرقہ رو نما ہوا وہ اِس کے بعد ہوا کہ اُن کے پاس علم آ چکا تھا، اور اس بنا پر ہوا کہ وہ آپس میں ایک دوسرے پر زیادتی کرنا چاہتے تھے اگر تیرا رب پہلے ہی یہ نہ فرما چکا ہوتا کہ ایک وقت مقرر تک فیصلہ ملتوی رکھا جائے گا تو ان کا قضیہ چکا دیا گیا ہوتا اور حقیقت یہ ہے کہ اگلوں کے بعد جو لوگ کتاب کے وارث بنائے گئے وہ اُس کی طرف سے بڑے اضطراب انگیز شک میں پڑے ہوئے ہیں **(14)** چونکہ یہ حالت پیدا ہو چکی ہے اس لیے اے محمدؐ، اب تم اُسی دین کی طرف دعوت دو، اور جس طرح تمہیں حکم دیا گیا ہے اُس پر مضبوطی کے ساتھ قائم ہو جاؤ، اور اِن لوگو ں کی خواہشات کا اتباع نہ کرو، اور اِن سے کہہ دو کہ: "اللہ نے جو کتاب بھی نازل کی ہے میں اُس پر ایمان لایا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں اللہ ہی ہمارا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی ہمارے اعمال ہمارے لیے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لیے ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں اللہ ایک روز ہم سب کو جمع کرے گا اور اُسی کی طرف سب کو جانا ہے**(15)** " اللہ کی دعوت پر لبیک کہے جانے کے بعد جو لوگ (لبیک کہنے والوں سے) اللہ کے دین کے معاملہ میں جھگڑے کرتے ہیں، اُن کی حجت بازی اُن کے رب کے نزدیک باطل ہے، اور اُن پر اس کا غضب ہے اور اُن کے لیے سخت عذاب ہے **(16)** وہ اللہ ہی ہے جس نے حق کے ساتھ یہ کتاب اور میزان نازل کی ہے اور تمہیں کیا خبر، شاید کہ فیصلے کی گھڑی قریب ہی آ لگی ہو **(17)** جو لوگ اس کے آنے پر ایمان نہیں رکھتے وہ تو اس کے لیے جلدی مچاتے ہیں، مگر جو اس پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس سے ڈرتے ہیں اور جانتے ہیں کہ یقیناً وہ آنے والی ہے خوب سن لو، جو لوگ اُس گھڑی کے آنے میں شک ڈالنے والی بحثیں کرتے ہیں وہ گمراہی میں بہت دور نکل گئے ہیں **(18)** اللہ اپنے بندوں پر بہت مہربان ہے جسے جو کچھ چاہتا ہے دیتا ہے، وہ بڑی قوت والا اور زبردست ہے **(19)** جو کوئی آخرت کی کھیتی چاہتا ہے اُس کی کھیتی کو ہم بڑھاتے ہیں، اور جو دنیا کی کھیتی چاہتا ہے اُسے دنیا ہی میں سے دیتے ہیں مگر آخرت میں اُس کا کوئی حصہ نہیں ہے **(20)** کیا یہ لوگ کچھ ایسے شریک خدا رکھتے ہیں جنہوں نے اِن کے لیے دین کی نوعیت رکھنے والا ایک ایسا طریقہ مقرر کر دیا ہے جس کا اللہ نے اِذن نہیں دیا؟ اگر فیصلے کی بات پہلے طے نہ ہو گئی ہوتی تو ان کا قضیہ چکا دیا گیا ہوتا یقیناً اِن ظالموں کے لیے درد ناک عذاب ہے **(21)** تم دیکھو گے کہ یہ ظالم اُس وقت اپنے کیے کے انجام سے ڈر رہے ہوں گے اور وہ اِن پر آ کر رہے گا بخلاف اِس کے جو لوگ ایمان لے آئے ہیں اور جنہوں نے نیک عمل کیے ہیں وہ جنت کے گلستانوں میں ہوں گے، جو کچھ بھی وہ چاہیں گے اپنے رب کے ہاں پائیں گے، یہی بڑا فضل ہے**(22)** یہ ہے وہ چیز جس کی خوش خبری اللہ اپنے اُن بندوں کو دیتا ہے جنہوں نے مان لیا اور نیک عمل کیے اے نبیؐ، اِن لوگوں سے کہہ دو کہ میں اِس کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں، البتہ قرابت کی محبت ضرور چاہتا ہوں جو کوئی بھلائی کمائے گا ہم اس کے لیے اس بھلائی میں خوبی کا اضافہ کر دیں گے بے شک اللہ بڑا در گزر کرنے والا اور قدر دان ہے **(23)** کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اِس شخص نے اللہ پر جھوٹا بہتان گھڑ لیا ہے؟ اگر اللہ چاہے تو تمہارے دل پر مہر کر دے وہ باطل کو مٹا دیتا ہے اور حق کو اپنے فرمانوں سے حق کر دکھاتا ہے وہ سینوں کے چھپے ہوئے راز جانتا ہے **(24)** وہی ہے جو اپنے بندوں سے توبہ قبول کرتا ہے اور برائیوں سے درگزر کرتا ہے، حالانکہ تم لوگوں کے سب افعال کا اُسے علم ہے **(25)** وہ ایمان لانے والوں اور نیک عمل کرنے والوں کی دعا قبول کرتا ہے اور اپنے فضل سے ان کو اور زیادہ دیتا ہے رہے انکار کرنے والے، تو ان کے لیے دردناک سزا ہے **(26)** اگر

اللہ اپنے سب بندوں کو کھلا رزق دے دیتا تو وہ زمین میں سرکشی کا طوفان برپا کر دیتے، مگر وہ
ایک حساب سے جتنا چاہتا ہے نازل کرتا ہے، یقیناً وہ اپنے بندوں سے با خبر ہے اور اُن پر نگاہ رکھتا
ہے (27) وہی ہے جو لوگوں کے مایوس ہو جانے کے بعد مینہ برساتا ہے اور اپنی رحمت پھیلا دیتا
ہے، اور وہی قابل تعریف ولی ہے (28) اُس کی نشانیوں میں سے ہے یہ زمین اور آسمانوں کی پیدائش،
اور یہ جاندار مخلوقات جو اُس نے دونوں جگہ پھیلا رکھی ہیں وہ جب چاہے انہیں اکٹھا کر سکتا
ہے (29) تم پر جو مصیبت بھی آئی ہے، تمہارے اپنے ہاتھوں کی کمائی سے آئی ہے، اور بہت سے
قصوروں سے وہ ویسے ہی در گزر کر جاتا ہے (30) تم زمین میں اپنے خدا کو عاجز کر دینے والے
نہیں ہو، اور اللہ کے مقابلے میں تم کوئی حامی و ناصر نہیں رکھتے(31) اُس کی نشانیوں میں سے ہیں
یہ جہاز جو سمندر میں پہاڑوں کی طرح نظر آتے ہیں (32) اللہ جب چاہے ہوا کو ساکن کر دے اور یہ
سمندر کی پیٹھ پر کھڑے کے کھڑے رہ جائیں اِس میں بڑی نشانیاں ہیں ہر اُس شخص کے لیے جو
کمال درجہ صبر و شکر کرنے والا ہو (33) یا (اُن پر سوار ہونے والوں کے) بہت سے گناہوں سے در
گزر کرتے ہوئے ان کے چند ہی کرتوتوں کی پاداش میں انہیں ڈبو دے (34) اور اُس وقت ہماری آیات
میں جھگڑے کرنے والوں کو پتہ چل جائے کہ ان کے لیے کوئی جائے پناہ نہیں ہے (35) جو کچھ بھی
تم لوگوں کو دیا گیا ہے وہ محض دنیا کی چند روزہ زندگی کا سر و سامان ہے، اور جو کچھ اللہ کے ہاں
ہے وہ بہتر بھی ہے اور پائدار بھی وہ اُن لوگوں کے لیے ہے جو ایمان لائے ہیں اور اپنے رب پر
بھروسہ کرتے ہیں (36) جو بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور اگر
غصہ آ جائے تو درگزر کر جا تے ہیں (37) جو اپنے رب کا حکم مانتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں،
اپنے معاملات آپس کے مشورے سے چلاتے ہیں، ہم نے جو کچھ بھی رزق انہیں دیا ہے اُس میں سے
خرچ کرتے ہیں (38) اور جب ان پر زیادتی کی جاتی ہے تو اس کا مقابلہ کرتے ہیں (39) برائی کا بدلہ
ویسی ہی برائی ہے، پھر جو کوئی معاف کر دے اور اصلاح کرے اُس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے، اللہ
ظالموں کو پسند نہیں کرتا (40) اور جو لوگ ظلم ہونے کے بعد بدلہ لیں اُن کو ملامت نہیں کی جا
سکتی (41) ملامت کے مستحق تو وہ ہیں جو دوسروں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں ناحق زیادتیاں
کرتے ہیں ایسے لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے (42) البتہ جو شخص صبر سے کام لے اور درگزر
کرے، تو یہ بڑی اولوالعزمی کے کاموں میں سے ہے (43) جس کو اللہ ہی گمراہی میں پھینک دے اُس
کا کوئی سنبھالنے والا اللہ کے بعد نہیں ہے تم دیکھو گے کہ یہ ظالم جب عذاب دیکھیں گے تو کہیں گے
اب پلٹنے کی بھی کوئی سبیل ہے؟(44) اور تم دیکھو گے کہ یہ جہنم کے سامنے جب لائے جائیں گے
تو ذلت کے مارے جھکے جا رہے ہوں گے اور اُس کو نظر بچا بچا کر کن آنکھیوں سے دیکھیں گے
اُس وقت وہ لوگ جو ایمان لائے تھے کہیں گے کہ واقعی اصل زیاں کار وہی ہیں جنھوں نے آج قیامت
کے دن اپنے آپ کو اور اپنے متعلقین کو خسارے میں ڈال دیا خبردار رہو، ظالم لوگ مستقل عذاب میں
ہوں گے (45) اور ان کے کوئی حامی و سرپرست نہ ہوں گے جو اللہ کے مقابلے میں ان کی مدد کو
آئیں جسے اللہ گمراہی میں پھینک دے اس کے لیے بچاؤ کی کوئی سبیل نہیں (46) مان لو اپنے رب کی
بات قبل اس کے کہ وہ دن آئے جس کے ٹلنے کی کوئی صورت اللہ کی طرف سے نہیں ہے اُس دن
تمہارے لیے کوئی جائے پناہ نہ ہوگی اور نہ کوئی تمہارے حال کو بدلنے کی کوشش کرنے والا ہو
گا (47) اب اگر یہ لوگ منہ موڑتے ہیں تو اے نبیؐ، ہم نے تم کو ان پر نگہبان بنا کر تو نہیں بھیجا ہے
تم پر تو صرف بات پہنچا دینے کی ذمہ داری ہے انسان کا حال یہ ہے کہ جب ہم اسے اپنی رحمت کا
مزا چکھاتے ہیں تو اُس پر پھول جاتا ہے، اور اگر اس کے اپنے ہاتھوں کا کیا دھرا کسی مصیبت کی

شکل میں اُس پر الٹ پڑتا ہے تو سخت ناشکرا بن جاتا ہے (48) اللہ زمین اور آسمانوں کی بادشاہی کا مالک ہے، جو کچھ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، جسے چاہتا ہے لڑکیاں دیتا ہے، جسے چاہتا ہے لڑکے دیتا ہے (49) جسے چاہتا ہے لڑکے اور لڑکیاں ملا جلا کر دیتا ہے، اور جسے چاہتا ہے بانجھ کر دیتا ہے وہ سب کچھ جانتا اور ہر چیز پر قادر ہے (50) کسی بشر کا یہ مقام نہیں ہے کہ اللہ اُس سے روبرو بات کرے اُس کی بات یا تو وحی (اشارے) کے طور پر ہوتی ہے، یا پردے کے پیچھے سے، یا پھر وہ کوئی پیغام بر (فرشتہ) بھیجتا ہے اور وہ اُس کے حکم سے جو کچھ وہ چاہتا ہے، وحی کرتا ہے، وہ برتر اور حکیم ہے(51) اور اِسی طرح (اے محمدؐ) ہم نے اپنے حکم سے ایک روح تمہاری طرف وحی کی ہے تمہیں کچھ پتہ نہ تھا کہ کتاب کیا ہوتی ہے اور ایمان کیا ہوتا ہے، مگر اُس روح کو ہم نے ایک روشنی بنا دیا جس سے ہم راہ دکھاتے ہیں اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں یقیناً تم سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کر رہے ہو (52) اُس خدا کے راستے کی طرف جو زمین اور آسمانوں کی ہر چیز کا مالک ہے خبردار رہو، سارے معاملات اللہ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں(53) [مودودی]

جدید اور شفاف علمی و شعوری ترجمہ

"پریشان اور تلاش میں بھٹکتے اذہان کے لیے قولِ فیصل جاری کر دیا گیا ہے [حٰمٓ] [1]؛ جس کے لیے با اصرار خواہش کی جا رہی تھی [عسق] [2]. اس طرح کہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ، صاحبِ دانش و حکمت نے تمہاری جانب وحی کا نزول کر دیا ہے اور تم سے پہلے آنے والوں پر بھی[3]. جو کچھ بھی کائناتی کُرّوں [السماوات]میں اور زمین پر پایا جاتا ہے، سب کا مالک وہی ہے، اور وہ سب سے بلند اور عظیم ہے [4]. کائناتی کُرّے اپنی موجودہ تعداد سے بھی ماورا [من فوقھن] اپنی تخلیق کے جاری عمل میں مصروف ہیں [یتفطّرن] اور فطرت کی قوتیں [الملائکۃ] اپنے پروردگار کی شان و توصیف کا باعث بننے والے وظائف ادا کر رہی ہیں [یسبحون بحمدِ ربّھم] اورزمین کے باسیوں کے لیے اسبابِ تحفظ مہیّا کرنے میں منہمک ہیں [یستغفِرون]. تو پھرکیا صرف اللہ تعالیٰ ہی وہ ذات نہیں ہے جو سامان حفاظت اور رحمت مہیا کرنے والا ہے؟ [5] تو پھر وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے سوا دوسروں کو اللہ کا ولی یا شریک اور اپنا سرپرست بنا رکھا ہے، تم ان کے چال چلن کے لیے ذمہ دار نہیں ہو [6]. اور ہم نےاس ہی صورتِ حال کے مطابق [کذلک] ایک فصیح و بلیغ مطالعے کا مواد [قرآنا عربیا] تم پر نازل کیا ہے تاکہ تم بستیوں کے اس مرکز [اُمّ القُریٰ] اور جو اس کے گرد و نواح میں رہتے ہیں، انہیں پیش آگاہ کر دو، نیز انہیں اُس خاص اجتماع کے وقت [یوم الجمع]سے بھی آگاہ کر دو جس کے بارے میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے. ان میں سے ایک گروہ کوامن و عافیت کی زندگی میں جانا ہے اور دوسرے گروہ کو محرومیوں کی سلگتی آگ میں [7]. اگر اللہ تعالیٰ ایسا چاہتا تو ان سب کو ایک ہی جیسی سوچ والی واحد قوم بنا دیتا، لیکن وہ اپنی رحمت میں صرف انہی کو داخل کرتا ہے جو عملی طور پر ایسا چاہتے ہوں، یا ایسا استحقاق حاصل کرلیتےہوں؛ اور استحصالی طبقے کا کوئی دوست اور مددگار نہیں ہوگا [8]. کیا ایسا نہیں ہے کہ انہوں نے اللہ کے سوا کچھ اور سرپرست بنا رکھے ہیں؟ جب کہ اللہ ہی ہے جو مُردوں کو زندگی عطا کرتا ہے اور ہر شے کے لیے قدر و قانون مقرر کرتا ہے [9]. اسی لیے تمہیں جس بھی مدعے پر باہم اختلافات ہوں تو تم فیصلے کے لیے اللہ سے ہی رجوع کیا کرو. وہی اللہ تمہارا پروردگار ہے، میرا پروردگار ہے، اُسی پر میں

بھروسہ کرتا ہوں اور اُسی کی طرف میں ہمیشہ رجوع کرتا ہوں [10]۔ وہی کائنات اور زمین کا خالق ہے، جس نے تمہارے درمیان جوڑے بنائے اور مویشیوں کے درمیان بھی؛ اوراس طریقے سے وہ تمہاری افزائشِ نسل کرتا ہے؛ اُس کی مثال کوئی اور نہیں ہے؛ اور وہ مستقل سننے اور نگرانی کرنے والا ہے [11]۔ کائنات اور زمین کا پورا اختیار اور نظم و نسق [مقالید] اُسی کا حق ہے؛ وہ اُن سب کا رزق بڑھا دیتا ہے جو اس کے لیے کوشش کرتے ہیں، اور اسے ایک پیمانے کے مطابق بھی لے آتا ہے [12]۔ اُس نے تمہاری لیے کردار کا وہی معیار مقرر کر دیا ہے جو اُس نے نوح کے لیے مقرر کیا تھا – اور جو ہم نے اے نبی تم پر وحی کیا ہے اور جو ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کے لیے بھی مقرر کیا تھا، تاکہ تم اللہ کی تابع فرمانی کو قائم کر دو اور اس میں کسی تفریق کو خاطر میں نہ لاو۔ اگرچہ یہ بات مشرکوں کے لیے بہت ناگوار ہے کہ تم انہیں اسی کردار کی پیروی کی دعوت دے رہے ہو، پھر بھی اللہ تعالیٰ ہر اُس انسان پر جو اُس کی طرف رجوع کرتا ہے توجہ دیتا ہے اورجو اُس کی جانب رُخ کرتے ہیں انہیں راہنمائی عطا کرتا ہے [13]۔ ان کے پاس علم کے آجانے کے بعد بھی ان کے اندر جن اختلافات نے جنم لیا وہ اس کے سوا کچھ نہیں کہ ان کی باہمی رقابت تھی۔ اور اگرتمہارے پروردگار کی جانب سے پہلے ہی سے ایک مہلت کا وقت مقرر نہ کیا جا چکا ہوتا تو اُن کے درمیان موجود مسئلے کا تصفیہ کر دیا گیا ہوتا۔ اور اُن کے ما بعد کے لوگوں میں، جنہیں الہامی صحیفہ وراثت میں ملا، اس کے بارے میں گہرے شکوک و شبہات پائے جاتے ہیں [14]۔ پس اسی وجہ سے تم انہیں دعوت دینے کا کام جاری رکھو اور جیسا کہ تمہیں ہدایت دی گئی ہے مضبوطی کے ساتھ اپنے نصب العین پر قائم رہو۔ اُن کی خواہشات کے آگے سر نہ جھکاو اور انہیں بتا دو کہ "میں تو اُسی پر یقین رکھتا ہوں جو اللہ تعالیٰ نے مجھ پراس کتاب کی صورت وحی کیا ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ تمہارے درمیان عدل قائم کروں۔ اللہ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے؛ ہمارے اعمال ہمارے لیے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لیے۔ تمہارے اور ہمارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ اللہ تعالی ہم سب کو اکٹھا کرنے والا ہے اور اُسی کے پاس ہماری منزلِ مقصود ہے"[15]۔ اور وہ جو اللہ کا پیغام قبول کرنے کے بعد بھی اُس ذاتِ پاک کے بارے میں حجت کریں، ان کی حجت اُس ذاتِ پاک کے نزدیک ناقابلِ قبول ہے، ان پر اللہ تعالیٰ غضبناک ہے اور وہ ایک سخت سزا کے مستحق ہیں [16]۔ اللہ ہی وہ ہےجس نے حق پرمشتمل کتاب نازل کی ہے جس میں انصاف کا معیار[المیزان] بھی بتا دیا گیا ہے، اور وہ بھی جو تم سب کو یہ آگاہی دے کہ فیصلے کا وقت قریب ہے [17]۔ وہ جو اس پریقین نہیں رکھتے، اس خاص وقت کو عجلت سے لے آنے کا مطالبہ کرتے ہیں، جب کہ وہ جو اس پر یقین رکھتے ہیں، وہ دلوں میں اس کا خوف رکھتے ہیں اور خوب جانتے ہیں کہ یہی سچ ہے۔ یہ امر کسی بھی سوال سے بعید ہے کہ جو فیصلے کے وقت کو متنازعہ بناتے ہیں وہ شدید گمراہی کی کیفیت میں ہیں [18]۔ اللہ تعالیٰ تو اپنے بندوں پر مہربان ہے اور ان سب کو رزق فراہم کرتا ہے جو اس کے لیے کوشش کرتے ہیں، کیونکہ وہی تمام تر قوت اور غلبے کا مالک ہے [19]۔ وہ لوگ جو اپنی آخرت کے اثاثے بنانے کے لیے کام کرتے ہیں، ہم اُن کے ایسے اثاثوں میں بڑھوتری عطا کر دیتے ہیں؛ اور وہ جو اس دنیا کی متاع کے لیے کام کرتے ہیں، ہم انہیں یہ بھی عطا کر دیتے ہیں، لیکن ایسے لوگوں کے لیے پھر آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوتا [20]۔ کیا یہ لوگ کچھ ایسے شریکِ کار رکھتے ہیں جو انہیں کسی ایسی روش کے اختیار کرنےکا راستہ دکھاتے ہیں جس کی اللہ تعالیٰ نے اجازت نہیں دی؟ اگرپہلے ہی سے ایک خاص فیصلے کا فرمان جاری نہ ہو گیا ہوتا، تو ان کے اس

قضیے کا اب تک فیصلہ کر دیا گیا ہوتا؛ اور یہ حقیقت ہے کہ ایسے سرکش ظالموں کے لیے سخت سزا ہے [21]۔ تم ان سرکش ظالموں کو اپنے ہی کرتوتوں کے نتائج پر خوفزدہ پاو گے اور ان کا نتیجہ ان کو ضرور بھگتنا ہوگا؛ اور وہ جو ایمان لے آئے اور اصلاحی کام کرتے رہے، وہ ایک امن و عافیت کی زندگی میں ہوں گے اور اپنے پروردگار سے وہ سب کچھ پائیں گے جس کی وہ خواہش کریں گے، اور یہ ایک عظیم درجہ ہوگا [22]۔ اور یہ وہی ہے جس کی اللہ تعالیٰ اپنے اُن بندوں کو خوشخبری دیتا ہے جو ایمان لائے اور اصلاحی کام کیے۔ انہیں بتا دو کہ میں اپنی ان کاوشوں پر تم سے سوائے قرابت کے اچھے تعلق کے اور کوئی اجر نہیں مانگتا۔ جو بھی ایک توازن بدوش عمل کرے گا، ہم اسے خوبصورتی کے ساتھ ترقی/بڑہوتری عطا کریں گے۔ بیشک اللہ ہی سامان حفاظت عطا کرتا اور تمہاری کوششوں کو بار آور کرتا ہے [شکور] [23]۔ کیا یہ کہتے ہیں کہ اس شخص نے اللہ پر کوئی بہتان گھڑا ہے؟ لیکن اگر اللہ نے ایسا کچھ گمان کیا ہوتا تو وہ تمہاری سوچ پر ہی پابندی لگا دیتا۔ لیکن اللہ اپنی ہدایات کے ذریعے ہر باطل کو مٹا دیا کرتا ہے اور سچ کو قائم کردیتا ہے؛ جو کچھ انسانوں کے اندر پوشیدہ ہے وہ اس سب کے بارے میں آگاہ رہتا ہے [24]۔ اور وہی ہے جو توبہ قبول کرتا ہے، بُرے کاموں کو معاف کرتا ہے اور تمہاری تمام کارگذاریوں کا علم رکھتا ہے [25]۔ اور جو ایمان لائے اور اصلاحی کام کیے ان کی طرف توجہ دیتا ہے اور اُن کے لیے اپنے انعامات میں اضافہ کرتا ہے؛ اور جہاں تک کہ سچائی کا انکار کرنے والوں کا تعلق ہے، تو سخت سزا ان کا انتظار کر رہی ہے [26]۔ اگر اللہ نے اپنے سبھی بندوں کے لیے رزق کی فراوانی پیدا کر دی ہوتی تو وہ یقینا زمین پر اپنی جائز حدود سے تجاوز کر جاتے؛ اسی لیے وہ رزق اُن واجب پیمانوں سے عطا کرتا ہے جنہیں وہ مناسب سمجھتا ہے۔ بیشک وہ اپنے بندوں کے کرداروں سے مطلع رہتا ہے اور انہیں زیرِ نگرانی رکھتا ہے [27]۔ اور وہی تو ہے جو اپنی رحمتیں نازل کرتا ہے [ینزّل الغیث] جب کہ وہ نا امید/مایوس ہو چکے ہوتے ہیں اور ان کے ذریعے اپنے برکتیں پھیلا دیتا ہے کیونکہ وہی انسانوں کے لیے ایک لائقِ ستائش دوست و سرپرست ہے [28]۔

نیز اُس کی واضح نشانیوں میں سے کائنات اور زمین کی تخلیق بھی ہے، اور وہ تمام زندہ مخلوقات بھی ہیں جو اُس نےوہاں پھیلا دی ہیں۔ پھر وہ یہ طاقت بھی رکھتا ہے کہ اگر چاہے تو انہیں اکٹھا کر دے [29]۔ اور یاد رہے کہ جو کچھ بھی مصیبت تم پر نازل ہوتی ہے وہ تمہارے اپنے ہاتھوں کی کرتوت سے ہی آتی ہے، اگرچہ کہ وہ ان میں سے تمہارے بہت سے کرتوت تو معاف کر دیتا ہے [30]۔ اور اگرچہ تمہیں زمین پر بالکل بے بس کر کے نہیں چھوڑا گیا [معجزین] پھر بھی اللہ کے سوا کوئی تمہارا محافظ اور مددگار نہیں ہے [31]۔ اور اُس کی نشانیوں میں سے وہ مستقل حرکت پذیرخلائی اجسام [الجوار] بھی ہیں جوسمندروں اور صحراوں کی وسعتوں میں [فی البحر] راستے کی رہنمائی کے نشانوں کے طور پر [کالاعلام] بھٹکنے والوں کے کام آتے ہیں [32]۔ اگر وہ ایسا چاہے تو اپنی اس الہامی رحمت [الریح] کا سلسلہ ہی ختم کر دے [یسکُن] اور وہ سب رہنمائی کے نشان ان وسعتوں کی پُشت پر[علیٰ ظہرہ] کہیں ساکت پڑے رہ جائیں [یظللن رواکد]؛ بیشک اس میں اُن سب کے لیے بڑی نشانیاں ہیں جو استقامت سے کام لیتے ہیں اور نتائج حاصل کرنے کے لیے جدو جہد کررہے ہیں [33]۔ یا پھر وہ ایسی جماعتوں کو ان کے کسب یا کاموں کی وجہ سے تباہ کر دے، اگرچہ وہ ان میں سے بہت سی حرکات پر[عن کثیر] معاف کر دیا کرتا ہے [34]۔ اور وہ سب جو ہماری نشانیوں/پیغامات کو متنازعہ بناتے ہیں یہ جان لیں کہ اُن کے لیے کوئی جائے پناہ نہیں ہے [35]۔ فلھٰذا، جو کچھ بھی تم سب کو دیا گیا ہے وہ بس اس دنیاوی زندگی کی متاع ہے، جبکہ جو اللہ تعالیٰ کے ہاں محفوظ ہے

وہ اس سے بہت بہتر اور دائمی رہنے والا ہے، لیکن صرف ان کے لیے جو ایمان لائے اور جنہوں نے اپنا بھروسہ اپنے پروردگار پر رکھا [36]؛ اور ان کے لیے جنہوں نے بڑے گناہوں اور حدود فراموشی سے اجتناب کیا اور غصے کی حالت میں درگزر سے کام لیا [37]؛ اور ان کے لیے بھی جنہوں نے اپنے پروردگار کی طرف رجوع کیا اور الہامی احکامات کی پیروی کے نظام کو قائم کیا [اقامواالصلاۃ] اور جن کے معاملات آپس میں مشاورت سے طے پاتے ہیں اور جو کھُل کر اُس میں سے خرچ کرتے ہیں جو ہم نے انہیں سامانِ رزق کے طور پر دیا ہے [38]؛ اور وہ جن پر سرکشی مصائب نازل کرتی ہے اور وہ اپنے بچاو کا انتظام کرتے ہیں [39]؛ اور پھر برائی کی تلافی کرنا اُسی کی مثل برائی بن جاتی ہے۔ پس جس نے درگذر سے کام لیا اور اصلاح احوال کر لی تو پھر اُس کا صلہ اللہ کے ذمہ ہے۔ بیشک اللہ ظلم و استحصال کرنے والوں سے محبت نہیں کرتا [40]۔ اور ان کے لیے بھی جو اپنے استحصال کے بعد اپنے تحفظ کا سامان کرتے ہیں ، اور ایسے اقدامات کرنے پر انہیں کوئی الزام نہیں دیا جا سکتا [41]۔ الزام تو دراصل اُن کو دیا جائے گا جو عام انسانوں کا استحصال کرتے ہیں اور انسانی حقوق کے معاملے میں زمین پر سرکشی کا رویہ اختیار کرتے ہیں؛ یہی وہ ہیں جو ایک دردناک عذاب کے مستحق ہیں [42]، اور جو استقامت سے کام لیتے ہیں اور اپنے تحفظ کی راہیں اختیار کرتے ہیں تو یہی معاملات کے حل کا صحیح راستہ ہے [43]۔ اور وہ جنہیں اللہ کا قانون گمراہی کا شکار کر دیتا ہے، اس کے بعد ان کا کوئی بچانے والا نہیں ہوتا۔ اور جب وہ سرکش استحصالی گروہ عذاب آتا دیکھیں گے تو تم انہیں یہ کہتے ہوئے پاوگے، "کیا یہاں سے واپسی کا کوئی راستہ ہے"؟[44] اور جب یہ سزا کی بھٹی میں ڈالے جائیں گے تو تم انہیں ذلت کے باعث عاجز ہوتے دیکھوگے اور یہ چور نگاہوں سے دیکھتے ہوں گے، اور ایمان والے یہ کہ رہے ہونگے کہ یہ وہی خسارہ پانے والے لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کے قیام کی اس سٹیج پر اپنی اندرونی ذات کو اور ساتھ ہی اپنے اہلِ خانہ کو بھی گمراہ کر دیا ؛ بیشک یہ سرکش ظالم ایک دائمی عذاب میں رہیں گے [45] اور وہاں اللہ کے مقابلے میں ان کا کوئی سرپرست ان کی مدد کے لیے موجود نہ ہوگا؛ کیونکہ جنہیں اللہ کا قانون گمراہی کا شکار کر دیتا ہے، تو پھر ان کے لیے کوئی جائےفرار نہیں ہوتی [46۔ تم سبھی کو اپنے پروردگار کے احکامات پر توجہ دینی ہے اس سے قبل کہ اللہ کی مشیت سے وہ دن آ جائے جس کے بعد کوئی واپسی نہیں ہے؛ کیونکہ اُس وقت نہ کوئی جائے پناہ ہوگی اور نہ ہی تمہارے جرائم کے انکار کے لیے کوئی دلیل ہوگی [47]۔ فلہٰذا، اگر یہ لوگ تم سے منہ موڑتے ہیں تو یہ بات واضح ہو کہ ہم نے اُن پر تمہیں سرپرست/نگہبان بنا کر نہیں بھیجا؛ تمہارا فرض اس کے سوا اور نہیں ہے کہ پیغام پہنچا دو۔ انسان کا تو حال درحقیقت یہ ہے کہ اگر ہمیں اسے اپنی رحمتوں کا ذائقہ چکھاتے ہیں تو وہ اس پر خوش ہو جاتا ہے؛ اور اگر وہ اپنے ہی عمل سے کسی مصیبت کا سامنا کرتا ہے تو وہ نا شکر گذار ہو جاتا ہے [48]۔ یہ صرف اللہ ہی ہے جو کائنات اور زمین کا حکمران ہے۔ وہ جو ارادہ کرتا ہے وہی تخلیق کرتا ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے ایک مونث اولاد کا تحفہ دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ایک مذکر اولاد کا تحفہ دیتا ہے [49] یا وہ ان میں نر اور مادہ دونوں انواع شامل کر دیتا ہے، اورجسے چاہتا ہے بنجر کر دیتا ہے، کیونکہ وہ ہر امر کا علم رکھتا ہے اور وہی ہر چیز کے لیے قاعدہ قانون مقرر کرتا ہے [50]۔ نیز کسی انسان کے لیے یہ ممکن نہیں کہ اللہ اُس سے کلام کرے، سوائے وحی کے واسطے سے، یعنی یہ کہ پردے میں رہتے ہوئے، یا پھر ایک ایسے پیغامبر کے ذریعے جسے وہ اپنے احکامات وحی کرے، جیسے کہ وہ چاہتا ہو ۔ بے شک وہ دانائی میں بہت بلند ہے [51]۔

اسی کے مطابق ہم نے اپنے اختیار سے تم پربھی ایک پیغام وحی کیا ہے۔ تمہیں کچھ علم نہ تھا کہ صحیفہ کیا ہوتا ہے اور ایمان کیا۔ لیکن ہم نے اس پیغام کو ایک آگہی بنا دیا جس کے ذریعے ہم اپنے اُن بندوں کی رہنمائی کرتے ہیں جو اس کی آرزو رکھتے ہیں۔ اور بے شک تمہی ہو جو سیدھے راستے کی طرف وہ رہنمائی پھیلا رہے ہو [52]، اُس اللہ کا راستہ جو اُس ہر چیز کا پروردگار ہے جو

کائناتی اجسام میں اور کرۃ ارض پروجود رکھتی ہے۔ بے شک، تمام اموراللہ ہی کے پروگرام کے تابع ہوتے ہیں۔[53]